MOPDSI
MINISTRY OF PLANNING DEVELOPMENT AND SPECIAL INITIATIVES
GOVERNMENT OF PAKISTAN

IFRAP
Integrated Flood Resilience & Adaptation Project

HRU
HOUSING RECONSTRUCTION UNIT

# عالمی یومِ نسواں

## 8 مارچ، 2025

## خواتین کا کردار اور IFRAP وزارت منصوبہ بندی، ترقی اور خصوصی اقدامات ہاؤسنگ ری کنسٹرکشن یونٹ بلوچستان، کی کاوشیں

دنیا بھر میں 8 مارچ کو عالمی یومِ نسواں منایا جاتا ہے، جس کا مقصد خواتین کے حقوق کو اجاگر کرنا، ان کی خدمات کا اعتراف کرنا اور ایک مساوی معاشرے کی تشکیل کے لیے جدوجہد کو تیز کرنا ہے۔ بلوچستان میں، خاص طور پر سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں، خواتین کا کردار نہایت اہمیت کا حامل ہے۔ وہ نہ صرف گھریلو زندگی کی ذمہ داری نبھار ہی ہیں بلکہ سماجی اور معاشی بحالی میں بھی کلیدی کردار ادا کر رہی ہیں، اور ہاؤسنگ ری کنسٹرکشن یونٹ بلوچستان، استقامت کی حامل اپنی ماں بہنوں اور بیٹیوں کی کاوشوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ واضح رہے کہ سال 2022 کے تباہ کن سیلاب نے بلوچستان میں لاکھوں گھروں کو شدید نقصان پہنچایا، جس کا اثر خواتین، معمر افراد اور بچوں پر سب سے زیادہ پڑا۔ رہائش کے بحران، بنیادی سہولیات کی کمی اور معاشی مشکلات کے باوجود، خواتین نے استقامت اور ہمت کا مظاہرہ کیا۔ وہ نہ صرف اپنے گھروں کو دوبارہ بسانے میں مصروف ہیں بلکہ معاشی استحکام اور سماجی ترقی کے لیے بھی کوشاں ہیں۔




ہاؤسنگ ری کنسٹرکشن یونٹ بلوچستان (HRU) منصوبہ برائے بحالی سیلاب زدگان 2022 کے تحت خواتین کو گھروں کی تعمیر نو اور بہتر رہائشی سہولیات فراہم کرنے کے لیے پر عزم ہے اور انہیں خصوصی اور اولین فوقیت دی جارہی ہے۔ وفاقی حکومت کی جانب سے اس عظیم الشان منصوبہ پر متاثرہ علاقوں میں خواتین کو گھروں کی تعمیر نو کے عمل میں شریک کیا جارہا ہے تاکہ وہ اپنے لیے محفوظ اور پائیدار رہائش حاصل کر سکیں۔ جس میں ان کو گھروں کی تعمیر کی لیے بینک اکاؤنٹ کھلوانے سمیت انکے اکاؤنٹ میں ڈائریکٹ پیسے بھجوائے جارہے ہیں تاکہ وہ اپنا گھر تعمیر کر سکیں، وہ اس تعمیر اور ترقی کے ہر مرحلے میں خوداعتمادی کا مظاہرہ کر رہی ہیں تعمیر اور نگرانی کے ہر عمل کی باریک بینی سے خود مشاہدہ کر رہی ہیں۔ یہاں یہ امر قابل تقلید ہے خواتین کی ثابت قدمی اور قائدانہ صلاحیتیں کسی بھی بحران کے خاتمے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ دنیا کی تاریخ میں جو بھی عمل جس کی سربراہی کسی عورت نے کی ہے اسکے ہمیشہ سے فیصلہ کن نتائج نکلے ہیں۔ بلوچستان میں، جہاں روایتی طور پر خواتین کو کم مواقع ملتے ہیں، وہاں ان کا سیلاب کے بعد گھروں کی بحالی، مقامی معیشت میں شرکت، اور کمیونٹی کی ترقی میں کردار بے حد اہم ہے۔ اگر خواتین کو مواقع فراہم کیے جائیں تو وہ صرف اپنے خاندانوں کے لیے نہیں بلکہ پورے معاشرے کے لیے ترقی کا باعث بن سکتی ہیں۔ عالمی یومِ نسواں کے موقع پر، ہاؤسنگ ری کنسٹرکشن یونٹ بلوچستان اور منصوبہ برائے بحالی سیلاب زدگان 2022 اس امر کا اظہار کرتی ہے کہ خواتین کو بااختیار بنانے اور انہیں ترقی کے مساوی مواقع فراہم کرنے کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا تاکہ وہ محفوظ اور خوشحال گھر میں اپنی زندگی خوش و خرم گزار سکیں۔ ایک مضبوط، خودمختار اور محفوظ بلوچستان کی تعمیر میں خواتین کا کردار کلیدی حیثیت رکھتا ہے



